PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 3دسمبر2024ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آج ملک میں انتخابی نظام کی جینڈر مین سٹریمینگ کے لیے ایک جامع فریم ورک کا افتتاح کیا ہے۔ "جینڈر مین سٹریمنگ اینڈ سوشل انکلوژن فریم ورک" (جی ایم ایس آئی ایف) 2024ء سے 2028ءتک نافذ العمل ہو گا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن، عمر حمید خان نے اس موقع پر کہا کہ یہ فریم ورک ایشیا پیسیفک خطے میں اپنی نوعیت کا پہلا منصوبہ ہے جو انتخابی عمل میں مکمل جینڈر اور سماجی شمولیت پر محیط ہے۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل جینڈر ونگ، نگہت صدیق نے اپنی بریفنگ میں بتایا کہ اس منصوبے کا بنیادی مقصد خواتین، اقلیتوں، معذور افراد اور خواجہ سراء افراد کی انتخابی عمل میں شمولیت اور رسائی کو یقینی بنانا ہے۔

اس فریم ورک کی تکمیل کیلئے اکیڈمیا، پارلیمان، الیکشن کمیشن کے عملے اور خواتین کے سیاسی حقوق سے متعلق تنظیموں سے وسیع پیمانے پر مشاورت کی گئی ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان میں کل ووٹروں میں خواتین کی تعداد 46 فیصد ہے۔ الیکشن کمیشن کا مقصد اپنے انتظامی ڈھانچے میں جینڈر اور سماجی شمولیت کے اصولوں کو مربوط کرنا ہے۔

شبیر احمد، کنٹری ڈائریکٹر آئی ایف ای ایس نے اس اہم اقدام پر الیکشن کمیشن کو خراج تحسین پیش کی اور اس اقدام کو سراہا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING